SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
August 13, 2021

**SECP advises companies to file UBO Declarations**

ISLAMABAD, August 13: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) once again advises companies to submit Declarations of their Ultimate Beneficial Owners (UBOs), through filing of Form 45, as required under Section 123A of the Companies Act, 2017.

The procedure for companies to obtain, maintain and update information about their ultimate beneficial owners is specified in the Companies (General Provision & Forms) Regulations, 2018.

To ensure standards of transparency in the ownership and control structure of corporate entities, the government had introduced amendments to the Companies Act 2017. These amendments made it mandatory for every company to obtain information of its UBOs, and file a declaration to this effect with the SECP on the prescribed format i.e. Form 45.

To facilitate companies, SECP also introduced an online mechanism for submission of Form 45 and issued detailed guidelines, including FAQs. A video tutorial, explaining the process of online filing of Form 45, can also be accessed at https://www.secp.gov.pk/video-tutorial-of-filing-of-form-45-with-secp-ubo-declaration/. Companies that have not yet been able to comply with the requirements of Section 123, are encouraged to file the Declaration at the earliest.

**ایس ای سی پی کی کمپنیوں کو حقیقی ملکیت کا ڈیکلریشن فارم جمع کروانے کی ہدایت**

اسلام آباد (13 اگست) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کو ایک بار پھر تاکید کی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 123A کے تحت کمپنیوں کے حقیقی مالکان کی معلومات ( Ultimate Beneficial Ownership -UBO) کے حلف نامہ فارم جمع کروائیں، بصورت دیگر قانون کی پاسداری نہ کرنے والی

کمپنیوں کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ایس ای سی پی کی جانب سے مزید وضاحت کی گئی ہے کہ فارم جمع کروانے کی تاریخ پہلے ہی گزر چکی ہے۔

کمپنیز ایکٹ کے تحت کمپنیز (جنرل پروویژن اور فارم) ریگولیشنز میں کمپنیوں کی جانب سے حقیقی مالکان کی معلومات کو حاصل کرنے، رجسٹر میں محفوظ ترتیب دینے اور ایس ای سی پی کو فارم 45 کے ذریعے حلف نامہ جمع کروانے کا طریق کار وضح کیا گیا ہے۔

کمپنیوں اور کارپوریٹ اداروں کی ملکیت کی معلومات میں شفافیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 میں ترامیم متعارف کروائیں گئیں تھیں جن کے تحت تمام کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے حقیقی مالکان کی معلومات کو حاصل کریں اور اس سلسلے میں ڈیکلریشن یعنی فارم 45 ایس ای سی پی کو جمع کروائیں۔

ایس ای سی پی نے فارم 45 جمع کروانے کے لیے ایک آن لائن طریقہ کار بھی متعارف کرایا ہے۔فارم 45 جمع کروانے کے لیے تفصیلی گائیڈ لائنز اور فائلنگ میں رہنمائی کے لئے ویڈیو بھی جاری کی گئی ہے۔تمام کمپنیاں جنہوں نے ابھی تک سیکشن 123 کے تقاضوں کی تعمیل نہیں کی، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جلد از جلد ڈیکلریشن فارم 45 فارم جمع کروا دیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005